بسم اللہ الرحمن الرحیم

باب#5 ڈیزائننگ ویب سائٹ

س1: HTML کیا ہے، یہ کیوں استعمال ہوتی ہے؟

ج: HTML ہائپر ٹیکسٹ مارک اپ لینگوئج کا مخفف ہے۔ یہ ایک سادہ سی کمپیوٹر لینگوئج ہے۔ جو کہ ویب سائٹس بنانے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ HTML کو سمجھنے کے لیے دو عناصر کو سمجھنا پڑتا ہے 1۔ ہائپر ٹیکسٹ، 2۔ مارک اپ لینگوئج۔

س2: ہائپر ٹیکسٹ سے کیا مراد ہے؟

ج: ہائپر ٹیکسٹ وہ الفاظ ہیں جو کسی لنک سے جڑے ہوں۔ اس لنک پر کلک کرنے سے ہم ایک صفحہ سے دوسرے صفحہ پر جا سکتے ہیں۔

س3: مارک اپ لینگویج سے کیا مراد ہے؟

ج: وہ لینگویج جس میں بہت سارے ٹیگز استعمال ہوتے ہیں۔ اس میں کوڈ لکھنے کے لیے ٹیگز استعمال کیے جاتے ہیں۔

س4: HTML میں ویب پیج بنانے کا طریقہ لکھیں؟

ج: 1۔ ٹیکسٹ ایڈیٹر یا Notepad کو چلائیں، 2۔ HTML کا کوئی کوڈ لکھیں، 3۔ اب اس کو html. یا html. کی ایکسٹینشن سے محفوظ کریں، 4۔ اپنا ویب پیج دیکھنے کے لیے اس محفوظ فائل پر ڈبل کلک کریں۔

س5: HTML میں کتنی طرح کے ٹیگز Tags استعمال ہوتے ہیں؟

ج: HTML میں دو طرح کے ٹیگز استعمال ہوتے ہیں۔ 1۔ پیئرڈ ٹیگز، 2۔ سنگولر ٹیگز۔

س6: پیئرڈ ٹیگز سے کیا مراد ہے؟

ج: HTML میں زیادہ تر پیئرڈ ٹیگز استعمال ہوتے ہیں۔ یہ ٹیگز سٹارٹ ٹیگز اور اینڈ ٹیگز پر مشتمل ہوتے ہیں۔ جن کے درمیان ٹیکسٹ یا مواد ہوتا ہے۔ مثلاً <p>......</p>

س7: سنگولر ٹیگز کیا ہوتے ہیں؟

ج: کچھ ٹیگز کے کلوزنگ یا اینڈنگ ٹیگ نہیں ہوتے۔ یہ ٹیگ سنگولر ٹیگ کہلاتے ہیں۔ مثلاً
۔

س8: HTML ٹیگز کی خصوصیات سے کیا مراد ہے۔ انھیں کہاں لکھا جاتا ہے؟

ج: ٹیگز کی خصوصیات کو ان کے ایٹری بیوٹ Attribute یعنی خصوصیات کہا جاتا ہے۔ یہ کسی بھی ٹیگ کے متعلق معلومات فراہم کرتے ہیں۔ ہر خاصیت کو ایک مناسب قیمت دی جاتی ہے۔ مثلاً <p align="center"> ۔

س9: ویب پیج کے اہم حصے بیان کریں؟

ج: ایک ویب پیج بنیادی طور پر <html> ٹیگ سے شروع ہوتا ہے اور </html> ٹیگ پر ختم ہوتا ہے۔ یہ ٹیگ سب سے اوپر ہوتا ہے۔ ویب پیج پر دو اہم ٹیگز ہوتے ہیں۔ 1۔ ہیڈ سیکشن، 2۔ باڈی سیکشن۔

س10: ہیڈ سیکشن بیان کریں؟

ج: یہ سیکشن عام طور پر ویب پیج کے ٹائٹل، سٹائل اور ڈاکیومنٹ کے متعلق معلومات دیتا ہے۔ یہ سیکشن <head> کے ٹیگ سے شروع اور </head> پر ختم ہوتا ہے۔ اس کے اندر ٹائٹل ٹیگ استعمال ہوتا ہے۔ جو <title>....</title> پر مشتمل ہوتا ہے۔

س11: باڈی سیکشن سے کیا مراد ہے؟

ج: باڈی سیکشن میں در حقیقت ایک ویب پیج کا اصل مواد ہوتا ہے۔ جو کہ اس پیج پر جانے والے صارف دیکھ سکتے ہیں۔ یہ ٹیگ <body> سے شروع ہوتا ہے اور </body> پر ختم ہوتا ہے۔

س12: ایک پروگرام کا ڈھانچہ لکھیں؟

```
<html>
<head>
<title>Welcome to class 9</title>
</head>
<body> Contents of my web page is here
</body>
</html>
```

س13: پیراگراف لکھنے کے لیے کونسا ٹیگ استعمال ہوتا ہے؟

ج: ٹیگ <p> ایک پیراگراف کے شروع میں لکھا جاتا ہے۔ اور </p> ایک پیراگراف کے اختتام پر لکھا جاتا ہے۔

س14: لائن بریک کرنے کے لیے یا نئی لائن کے لیے کونسا ٹیگ استعمال ہوتا ہے؟

ج: ٹیگ
 نئی لائن پر جانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً

<p>This is
a page</P>

س15: وقفہ یا سپیس دینے کے لیے کونسا ٹیگ استعمال کیا جاتا ہے؟

taleemcity.com

ج: اگر ہم پیراگراف میں ایک سے زیادہ وقفہ یا سپیس دینا چاہتے ہیں تو " " استعمال کرتے ہیں۔

س16: ہیڈنگ اور سب ہیڈنگ لگانے کے لیے کونسا ٹیگ استعمال ہوتا ہے؟

ج: HTML میں ہیڈنگ کو <H1> سب سے بڑی اور اہم ہیڈنگ اور <H6> سب سے چھوٹی اور کم اہمیت والی ہیڈنگ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً <H1>.....</H1>

س17: ٹیکسٹ فارمیٹنگ ٹیگز کا استعمال لکھیں؟

ج: ٹیگ فونٹ ٹیکسٹ کے لیے فونٹ سٹائل یا کلر منتخب کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اور سائز بھی تبدیل کر سکتے ہیں۔ مثلاً --------

س18: بولڈ، انڈرلائن اور ترچھا کرنے کے ٹیگز لکھیں؟

ج: Bold=<B>...</B>,,Underline=<U>...</U>,, Italic=<I>...</I>

س19: لسٹ کیا ہے اور اس کی کتنی اقسام ہیں؟

ج: بعض اوقات ہمیں معلومات لسٹ کی شکل میں فراہم کرنا ہوتی ہیں۔ جیسا کہ مضامین کی لسٹ، اساتذہ کی لسٹ وغیرہ۔ اس کی درج ذیل اقسام ہیں۔ 1۔ بے ترتیب/ان آڈر لسٹ، 2۔ ترتیب وار/آڈر لسٹ، 3۔ وضاحتی/ڈیفینیشن لسٹ، 4۔ نیسٹڈ لسٹ۔

س20: بے ترتیب یا ان آڈر لسٹ بنانے کا طریقہ لکھیں؟

ج: ان آڈر لسٹ بنانے کے لیے ہم ٹیگز <ul> اور کا استعمال کرتے ہیں۔ ہر آئیٹم کو ٹیگ سے لکھتے ہیں۔

س21: ترتیب وار یا آڈر لسٹ بنانے کے لیے کونسا ٹیگ استعمال ہوتے ہیں؟

ج: ایک ترتیب وار لسٹ <ol> سے شروع اور پر ختم ہوتی ہے۔ لسٹ آئیٹم کے لیے استعمال ہتی ہے۔

س22: وضاحتی/ڈیفینیشن لسٹ بنانے کے لیے ٹیگ لکھیں؟

ج: ہم ٹیگ <dl> اور </dl> کو استعمال کرتے ہوئے وضاحتی لسٹ بناتے ہیں۔ <dt> کو استعمال کرتے ہوئے ٹرمز لکھتے ہیں۔ اور <dd> کو استعمال کرتے ہوئے ٹرمز کی وضاحت کرتے ہیں۔

س23: نیسٹڈ لسٹ سے کیا مراد ہے؟

ج: کسی لسٹ میں آئیٹم کی اپنی لسٹ بھی ہو سکتی ہے۔ اس کو ہم نیسٹڈ لسٹ کہیں گے۔ یہ اس وقت کارآمد ہوتی ہے جب ایک آئیٹم کے لیے ایک سے زیادہ آپشنز ہوں۔

س24: تصویر لگانے کے لیے کونسا ٹیگ استعمال ہتا ہے؟

ج: HTML میں تصویر لگانے کے لیے <img> ٹیگ استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کے ایٹری بیوٹ میں width,hight بھی دی جاتی ہے۔ مثلاً <imgsrc="xyz.jpg">

س25: ویب پیج پر بیک گراؤنڈ اور فار گراؤنڈ کلر کیسے لگایا جاتا ہے؟

ج: ٹیگ <body> کا ایٹری بیوٹ "bgcolor" ویب پیج کی بیک گراؤنڈ کو مختلف رنگ لگانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اسی طرح <body> کا ایٹری بیوٹ "text" ہے جسے فار گراؤنڈ کلر تبدیل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ مثلاً <body bgcolor="red" text="white">

س26: ویب پیج کی بیک گراؤنڈ پر تصویر کیسے لگائی جاتی ہے؟

ج: ٹیگ <body> کا ایک ایٹری بیوٹ "background" ویب پیج کے بیک گراؤنڈ پر تصویر لگانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ مثلاً <body background=picture.jpg">

س27: ہائپر لنک سے کیا مراد ہے؟

ج: ہائپر لنک ایک آئی کون Icon یا ایک تصویر یا ٹیکسٹ ہو سکتا ہے۔ جس پر کلک کیا جائے تو یہ ایک پیج سے آپ کو دوسرے پیج پر لے جائے۔ اس کے لیے <a> ٹیگ استعمال ہوتا ہے۔

س28: ویب پیج پر ہائپر لنک کیسے لگایا جاتا ہے؟

ج: ویب پیج میں ٹیگ <a> ہائپر لنک لگانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ اس مقصد کے لیے ہم ایٹری بیوٹ "href" استعمال کرتے ہیں۔ جو کہ کسی ویب پیج کا ایڈریس ہوتا ہے۔

<img src="p.jpg">

س29: تصویر پر ہائپر لنک کیسے لگایا جاتا ہے؟

ج: ہم ایک تصویر کو بھی ہائپر لنک کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لیے <a> کے اندر ہمیں ٹیگ <img> استعمال کرنا پڑتا ہے۔ مثلاً

<img src="p.jpg">

س30: اینکر سے کیا مراد ہے؟

ج: اینکر آپ کو ایک ویب پیج کے کسی ایک حصے سے دوسرے حصے تک لے جاتا ہے۔ یہ بھی ٹیگ <a> کا ہی ایک ایٹری بیوٹ ہے۔

س31: ٹیبل بنانے کے لیے کونسے ٹیگ استعمال ہوتے ہیں؟

ج: ہم HTML میں ٹیگ <table> کی مدد سے ٹیبل بنا سکتے ہیں۔ اس ٹیبل کی ہر قطار کو <tr>، ٹیبل ہیڈر کو <th> اور اسی طرح ٹیبل ڈیٹا یا سیل کو ٹیگ <td> کی مدد سے بنایا جا سکتا ہے۔

س32: کال سپین سے کیا مراد ہے؟

ج: ایک سیل کو ایک سے زیادہ سیلز تک پھیلانے کے لیے ہم ٹیبل کے ایٹری بیوٹ "colspan" کا استعمال کرتے ہیں۔

taleemcity.com

س33: روسپین سے کیا مراد ہے؟

ج: اگر ہم ایک قطار کو ایک سے زائد قطاروں تک پھیلانا چاہتے ہوں۔ تو اس مقصد کے لیے ہم ٹیبل کا ایٹری بیوٹ "rowspan" استعمال کرتے ہیں۔

س34: سامنے دیا گیا ٹیبل بنائیں؟

First name	Last name	Age
Ali	Ahmad	50
Usman	Ali	60

```
<table>
<tr>
<th>First name</th><th>Last name</th><Age</th>
</tr>
<tr>
<td>Ali</td><td>Ahmad</td><td>50</td>
</tr>
<tr>
<td>Usman></td><td>Ali<td/><td>60</td>
</tr>
</table>
```

مشق

س1: ایک لسٹ جو کہ اپنے اندر ایک اور لسٹ رکھ سکتی ہے کہلاتی ہے؟			
(i)آڈر لسٹ	(ii)ان آڈر لسٹ	(iii)نیسٹڈ لسٹ	(iv)ڈیفینیشن لسٹ
س2: HTML کو ایک-----لینگوئج نہیں ہے۔			
(i)پروگرامنگ	(ii)مارک اپ	(iii)دونوں i اور ii	(iv)کوئی بھی نہیں
س3: ویب پیج کو----کا استعمال کرتے ہوئے بنایا یا تبدیل کیا جاسکتا ہے۔			
(i)Notepad++	(ii)Notepad	(iii)Text Edit	(iv)All
س4: ایک HTML عنصر عام طور پر----ٹیگز پر مشتمل ہوتا ہے۔			
(i)start	(ii)End	(iii)Start+End	(iv)کوئی بھی نہیں
س5: اپنے اندر میٹاڈیٹا رکھتا ہے؟			
(i)<body>	(ii)<head>	(iii)<title>	(iv)<html>
س6: ایک HTML پیج کو محفوظ کرنے کے لیے ہم----ایکسٹینشن استعمال کرتے ہیں۔			
(i)htm	(ii)html	(iii)i اور ii	(iv)دونوں

س7: HTML ڈاکومنٹ میں----قسم کی ہیڈنگز ہوتی ہیں۔			
(i)4	(ii)5	(iii)6	(iv)1
س8: ----ٹیگ مواد کو ٹیبل کی شکل میں دکھانے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔			
(i)td	(ii)table	(iii)tr	(iv)th
س9: ایک ہائپر لنک کو ہم------پر لگاتے ہیں۔			
(i)تصویر	(ii)ٹیکسٹ	(iii)دونوں i اور ii	(iv)کوئی بھی نہیں
س10: باڈی ٹیگ---کو ایک ویب پیج کی بیک گراؤنڈ پر تصویر لگانے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔			
(i)bg	(ii)background	(iii)bgimg	(iv)i اور ii دونوں

taleemcity.com